**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**
**36۔کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**21جنوری2026ء**

# پریس ریلیز

## مسلم ممالک 'غزہ امن بورڈ' اور 'بورڈ آف پیس' جیسے پرفریب اداروں ونعروں سے دھوکہ نہ کھائیں۔

## کراچی کے ایک بڑے پلازہ میں بدترین جان لیوا آتش زدگی نے انتظامی مشینری کا پول ایک مرتبہ پھر کھول دیا ہے۔

## (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** مسلم ممالک 'غزہ امن بورڈ' اور 'بورڈ آف پیس' جیسے پرفریب اداروں ونعروں سے دھوکہ نہ کھائیں۔ کراچی کے ایک بڑے پلازہ میں بدترین جان لیوا آتش زدگی نے انتظامی مشینری کا پول ایک مرتبہ پھر کھول دیا ہے۔اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ تقریباً چار سال تک غزہ میں مسلسل وحشیانہ بمباری، امداد کی مکمل بندش، ہر معاہدہ توڑنے، بھوک کو بطور ہتھیار استعمال کرنے اور شدید بارشوں وسردی کو فلسطینی بچوں، عورتوں اور بوڑھوں کی نسل کُشی کے لیے استعمال کرنے والے درندے اب نام نہاد 'انسانی حقوق' کے علمبردار بن کر غزہ میں 'امن' کے منصوبے پیش کر رہے ہیں۔ پاکستان سمیت 60 ممالک کو 'غزہ امن بورڈ' نامی ادارے میں فی رکن ایک ارب ڈالر ادائیگی کی شرط پر شمولیت کی دعوت دی جا رہی، جس کا سربراہ خود امریکی صدر ٹرمپ ہو گا۔ بعض تجزیہ نگاروں کے نزدیک یہ اقوام متحدہ کی سیکیورٹی کونسل میں مخالفین کے ویٹو کا توڑ ہو سکتا ہے۔ پاکستان کو دی گئی دعوت کا مطلب یہ نکلتا ہے کہ اِس نئی تنظیم میں شامل ہو جاؤ اور ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل کے ظلم وستم کے پہاڑ جو اُس نے غزہ پر امریکہ کی خصوصی اور مکمل تعاون سے گرائے، اُس کے ابلیسی چہرے کو دھو کر اُجلا کرنے کے لیے رقم بھی تم ہی فراہم کرو! انہوں نے کہا کہ یہ ادارہ اور اس کا نعرہ ریاستِ پاکستان کو کمزور کرنے کے لیے بھی استعمال ہو سکتا ہے۔ لہٰذا پاکستان تمام مشکلات کے باوجود دیگر مسلم اور دیگر ہم خیال ممالک کے ساتھ مل کر اِس شر انگیز ادارہ میں شرکت سے انکار کر دے۔ مسلم ممالک آپس کی تلخیاں چھوڑ کر اتحاد پیدا کریں اور اپنی سطح پر ایک فعال 'اسلامی امن بورڈ' قائم کرنے کی طرف بڑھیں تاکہ اسلام دشمن قوتوں کو سیاسی، معاشی اور عسکری لحاظ سے دندان شکن جواب دیا جا سکے۔

کراچی کے ایک بڑے پلازہ میں ہفتہ کے روز لگنے والی آگ جس میں اخباری اطلاعات کے مطابق 29 افراد جاں بحق اور 90 کے قریب بری طرح جھلس گئے تھے نے کراچی انتظامیہ کی کاہلی اور وسائل کے ضیاع کو ایک مرتبہ پھر واضح کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسی آفات اللہ تعالیٰ کی طرف سے لوگوں کے لیے آزمائش وامتحان بھی ہوتی ہیں۔ آخر میں امیر تنظیم اسلامی نے کراچی اور دنیا بھر میں جاں بحق ہونے والے **مسلمانوں کے لیے** دعائے مغفرت کی **(اناللہ وانا الیہ راجعون)** اور زخمیوں کی جلد اور کامل صحت یابی کے لیے دعا فرمائی۔ آمین!

**جاری کردہ**

**رضاء الحق**

**مرکزی ناظم نشرواشاعت**

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: January 21st, 2026**

## Muslim countries must not be deceived by misleading institutions and slogans such as the "Gaza Peace Board" and "Board of Peace".

## A deadly fire in a major plaza in Karachi has once again exposed the failures of the administrative machinery.

## (Shujauddin Shaikh)

**Lahore (PR):** This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that after nearly four years of relentless and brutal bombardment of Gaza, a complete blockade on aid, repeated violations of every agreement, the use of hunger as a weapon, and the exploitation of heavy rains and extreme cold for the genocide of Palestinian children, women, and the elderly, the very perpetrators are now presenting themselves as so-called champions of "human rights" and unveiling "peace" plans for Gaza. Pakistan, along with around sixty other countries, is being invited to join an organization called the "Gaza Peace Board" on the condition of paying one billion dollars per member, with U.S. President Donald Trump himself set to serve as its head. According to some analysts, this initiative may be intended as a way to bypass vetoes in the United Nations Security Council. Pakistan's invitation effectively means: join this new organization and also provide funding to whitewash the satanic face of the illegitimate Zionist state of Israel for the mountains of oppression it has unleashed on Gaza with full and special support from the United States. He said that this institution and its slogan could also be used to weaken the State of Pakistan. Therefore, despite all challenges, Pakistan should refuse participation in this mischief-driven organization and instead join hands with other Muslim and like-minded countries. Muslim countries must set aside mutual bitterness, build unity, and move towards establishing their own effective "Islamic Peace Board" so that Islam-hostile forces can be given a decisive response politically, economically, and militarily.

Referring to the deadly fire that broke out on Saturday in a major plaza in Karachi – where, according to media reports, 29 people lost their lives and nearly 90 were severely injured – **Shujauddin Shaikh** said that this tragedy has once again laid bare the negligence of the Karachi administration and the wastage of resources. He added that such calamities also serve as trials and tests from Allah Almighty for the people. In conclusion, the Ameer of Tanzeem-e-Islami offered prayers for forgiveness for the deceased Muslims in Karachi and around the world and prayed for the swift and complete recovery of the injured. Ameen.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**